PR NO 05/2024

وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ، اسلام آباد

Press Release

وفاقی محتسب نے پاسپورٹ آفس کی رپورٹ کو غیر تسلی بخش اور ناکافی قرار دے دیا

پاسپورٹ کے اجراء میں تاخیر ناقابل برداشت ہے۔ اعجاز احمد قریشی

پاسپورٹ سے متعلقہ حکام کو طلب کر لیا گیا

اسلام آباد( ) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے پاسپورٹ کے اجراء میں تاخیر پر قابو پانے کے لئے پاسپورٹ انتظامیہ کی طرف سے دی گئی رپورٹ کو غیر تسلی بخش اور ناکافی قرار دیتے ہوئے مسئلہ کے فوری حل کے لئے متعلقہ حکام کو طلب کر لیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاسپورٹ کے اجراء میں غیر معمولی تاخیر ناقابل برداشت ہے۔ پاسپورٹ انتظامیہ کئی مہینوں سے اس مسئلہ پر قابو نہیں پا سکی، پاسپورٹ کی عدم موجودگی میں بیرون ملک سفر کرنے والوں کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاسپورٹ آفس کی خدمات کے بدلے عوام براہ راست معاوضہ ادا کرتے ہیں لہٰذا عوام کو بہتر اور بلا تاخیر خدمات فراہم کی جانی چاہییں۔ وفاقی محتسب نے کہا کہ پاسپورٹ آفس کو ضرورت کے مطابق پاسپورٹ کی پرنٹنگ کے لئے کاغذ اور سیاہی وغیرہ کا پیشگی بندوبست کرنا چاہیئے تھا۔ واضح رہے کہ وفاقی محتسب نے پاسپورٹ آفس کے خلاف ہزاروں کی تعداد میں شکایات کا از خود نوٹس لیتے ہوئے وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ کے سینئر افسروں پر مشتمل ایک معائنہ ٹیم پاسپورٹ آفس اسلام آباد بھیجی تھی۔ ٹیم نے پاسپورٹ آفس اسلام آباد کے دورے کے دوران شکایات کا جائزہ لینے کے ساتھ ساتھ موقع پر موجود افراد کی شکایات بھی سنیں۔ ٹیم نے پاسپورٹ انتظامیہ کے ساتھ طویل اجلاس کے دوران اس مسئلہ کے حل کے لئے انتظامیہ کو ہدایات بھی دی تھیں اور ذمہ داران کا تعین کرنے کا بھی کہا تھا تاکہ آئندہ ایسی صورت حال سے بچا جا سکے۔ پاسپورٹ انتظامیہ ابھی تک ان ہدایات پر مکمل طور پر عملدرآمد کرنے میں ناکام رہی ہے، وفاقی محتسب نے پاسپورٹ آفس کی طرف سے دی گئی رپورٹ کو غیر تسلی بخش اور ناکافی قرار دیتے ہوئے صورت حال کا جائزہ لینے کے لئے متعلقہ حکام کو طلب کر لیا ہے۔

(خالد سیال)

کنسلٹنٹ (میڈیا)

03335333266

26 جنوری 2024ء